حصہ 1

عوامی بانیں

فیصل بن منظور

SABIYA VIRTUAL PUBLICATION

AMO
ABDE MUSTAFA OFFICIAL

C O N T E N T S

(اس فہرست میں کسی بھی عنوان پر فقط ایک کلک کرنے سے آپ متعلقہ صفحے پر جا سکتے ہیں۔)

ناشر کی طرف سے کچھ اہم باتیں

پیش لفظ

کیا غسل فرض ہونے کی صورت میں چلنا گناہ ہے؟

سوال :

جواب:

کیا مہندی لگانا مرد پر حرام ہے؟

سوال:

جواب:

کیا بلیوں کے رونے سے آفت آتی ہے؟

سوال:

جواب:

چاند گرہن کے وقت عوام میں مشہور غلط باتیں

سوال:

جواب:

اللہ پاک کو اوپر والا یا اللہ پاک عرش پر ہے کہنا کیسا؟

سوال:

جواب:

عورت کی آنکھ کے پھڑکنے سے شگون لینا کیسا؟

سوال:

جواب:

کیا نوافل بیٹھ کر پڑھے جائیں گے؟

سوال:

جواب:

دولہا اور دولہن پر پھول نچھاور کرنے کیسا؟
سوال:
جواب:
چیل کووں کو صدقے کا گوشت کھلانا کیسا؟
سوال:
جواب:
کیا میت والے گھر چولہا جلانا منع ہے؟
سوال:
جواب :
جس کو جیسا کہو وہ ویسا بن جائے
سوال:
جواب :
کسی کے انتقال پر یہ جملے" اللہ کے پاس چلا گیا یا اللہ کو پیارا ہوگیا "
کہنا کیسا؟
سوال:
جواب:
کالی زبان
سوال:
جواب:
کیا اب شرافت کا زمانہ نہیں رہا؟
سوال:
جواب:
دکان پر بارات میں ناخن کاٹنا کیسا ؟
سوال :
جواب:
آخری اذان یا چیونٹیاں نظر آنے پر سحری بند کرنا کیسا ؟
سوال :

جواب :
واقعہ:
کیا بچوں کو عطر لگانے سے جن چمٹتے ہیں ؟
سوال :
جواب :
کیا امام صاحب کے مصلے پر پاؤں رکھنے سے اعمال برباد ہو جاتے ہیں ؟
سوال :
جواب :
کیا آب زم زم شریف پینے کے لیے اعتکاف کی نیت کی جاسکتی ہے ؟
سوال :
جواب :
نظر لگنے کی وجہ سے تعلقات ختم کر ناکیسا ؟
سوال :
جواب :
جس کے ہاتھ میں تل ہو ، کیا وہ دولت مند ہو تا ہے ؟
سوال :
جواب :
عِدَّت ختم ہونے پر دعوت کرنا
ہماری دوسری اردو کتابیں

ناشر کی طرف سے کچھ اہم باتیں

مختلف ممالک سے کئی لکھنے والے ہمیں اپنا سرمایہ ارسال فرما رہے ہیں جنھیں ہم شائع کر رہے ہیں۔ ہم یہ بتانا ضروری سمجھتے ہیں کہ ہماری شائع کردہ کتابوں کے مندرجات کی ذمہ داری ہم اس حد تک لیتے ہیں کہ یہ سب اہل سنت و جماعت سے ہے اور یہ ظاہر بھی ہے کہ ہر لکھاری کا تعلق اہل سنت سے ہے۔ دوسری جانب اکابرین اہل سنت کی جو کتابیں شائع کی جا رہی ہیں تو ان کے متعلق کچھ کہنے کی حاجت ہی نہیں. پھر بات آتی ہے لفظی اور املائی غلطیوں کی تو جو کتابیں "ٹیم عبد مصطفی آفیشل" کی پیشکش ہوتی ہیں ان کے لیے ہم ذمہ دار ہیں اور وہ کتابیں جو ہمیں مختلف ذرائع سے موصول ہوتی ہیں، ان میں اس طرح کی غلطیوں کے حوالے سے ہم بری ہیں کہ وہاں ہم ہر ہر لفظ کی چھان پھٹک نہیں کرتے اور ہمارا کردار بس ایک ناشر کا ہوتا ہے۔

یہ بھی ممکن ہے کہ کئی کتابوں میں ایسی باتیں بھی ہوں کہ جن سے ہم اتفاق نہیں رکھتے۔ مثال کے طور پر کسی کتاب میں کوئی ایسی روایت بھی ہو سکتی ہے کہ تحقیق سے جس کا جھوٹا ہونا اب ثابت ہو چکا ہے لیکن اسے لکھنے والے نے عدم توجہ کی بنا پر نقل کر دیا یا کسی اور وجہ سے وہ کتاب میں آ گئی جیسا کہ اہل علم پر مخفی نہیں کہ کئی وجوہات کی بنا پر ایسا ہوتا ہے۔ تو جیسا ہم نے عرض کیا کہ اگرچہ ہم اسے شائع کرتے ہیں لیکن اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ ہم اس سے اتفاق بھی کرتے ہیں۔

ایک مثال اور ہم اہل سنت کے مابین اختلافی مسائل کی پیش کرنا چاہتے ہیں کہ کئی مسائل ایسے ہیں جن میں علماے اہل سنت کا اختلاف ہے اور کسی ایک عمل کو کوئی حرام کہتا ہے تو دوسرا اس کے جواز کا قائل ہے۔ ایسے میں جب ہم ایک ناشر کا کردار ادا کر رہے ہیں تو دونوں کی کتابوں کو شائع کرنا ہمارا کام ہے لیکن ہمارا موقف کیا ہے، یہ ایک الگ بات ہے۔ ہم فریقین کی

کتابوں کو اس بنیاد پر شائع کر سکتے ہیں کہ دونوں اہل سنت سے ہیں اور یہ اختلافات فروعی ہیں۔ اسی طرح ہم نے لفظی اور املائی غلطیوں کا ذکر کیا تھا جس میں تھوڑی تفصیل یہ بھی ملاحظہ فرمائیں کہ کئی الفاظ ایسے ہیں کہ جن کے تلفظ اور املا میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ اب یہاں بھی کچھ ایسی ہی صورت بنے گی کہ ہم اگرچہ کسی ایک طریقے کی صحت کے قائل ہوں لیکن اس کے خلاف بھی ہماری اشاعت میں موجود ہوگا۔ اس فرق کو بیان کرنا ضروری تھا تاکہ قارئین میں سے کسی کو شبہ نہ رہے۔

ٹیم عبد مصطفی آفیشل کی علمی، تحقیقی اور اصلاحی کتابیں اور رسالے کئی مراحل سے گزرنے کے بعد شائع ہوتے ہیں لیکن اس کے باوجود ان میں بھی ایسی غلطیوں کا پایا جانا ممکن ہے لہذا اگر آپ انھیں پائیں تو ہمیں ضرور بتائیں تاکہ اس کی تصحیح کی جا سکے۔

صابیا ورچوئل پبلیکیشن

POWERED BY
ABDE MUSTAFA OFFICIAL

پیش لفظ

ہمارےمعاشرے کی بگڑتی صورت حال آپ کے سامنے ہیں، لوگ علم و علماء سے دور اپنی من مانی کا دین بنائے بیٹھے ہیں۔ جس کی وجہ سے بہت ساری ایسی باتیں معاشرہ میں جنم لے چکی ہیں، جن کا دین و دنیا سے کوئی تعلق نہیں ،اور ان باتوں کی وجہ سے لوگوں نے خود کو مشکلات میں ڈال رکھا ہے۔

کوئی یہ کہتا ہے کہ گلاب کاپھول، مصطفی کریم ﷺ کے مبارک پسینہ سے بنا ہے تو کوئی یہ کہتا سنائی دیتا ہے کہ بچے کو عطر لگانے سے جن چمٹ جاتا ہے؛اور کوئی بیٹھ کر نفل پڑھنے کو افضل قراردیتا ہے، تو کوئی بلی کے رونے کو منحوس قرار دیتا ہے۔

ایسی ہی بہت ساری باتیں زبان زدِ عام ہیں،بحمد اللہ تعالی مجھے ملفوظات امیر اہلسنت ،جلد دوم پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی تو کئی مقامات پر لکھا ہوا پایا " یہ عوامی باتیں ہیں/عوامی خیالات ہیں" تو ارادہ کیا کیوں نا ! ان تمام کو یکجا کیاجائے اور ان (عوامی باتوں) کو امت تک پہنچایا جائے ؛ تاکہ لوگ بآسانی ان کو پڑھ کر اپنے آپ سے جہالت کو دور کرسکیں.

دعا ہے کہ اللہ پاک اس کاوش کو قبول فرمائے اور امت کے لیے فائدہ مند بنائے۔(آمین)

بندہ ناچیز فیصل حنفی عطاری

ایں سعادت بزور بازو نیست

کیا غسل فرض ہونے کی صورت میں چلنا گناہ ہے؟

سوال :

بعض لوگ کہتے ہیں کہ جس پر غسل فرض ہوتا ہے تو چلتے وقت اس کے گناہ لکھے جاتے ہیں ، کیا یہ درست ہے؟

جواب:

جس پر غسل فرض ہوجائے تو اس کے متعلق یہ کہنا درست نہیں کہ چلنے،بیٹھنے کی حالت میں اس کے گناہ لکھے جاتے ہیں۔اگر ایسا ہوتو حمام (یعنی غسل خانے) میں چل کر کیسے جائیں گے ؟ کیونکہ چلنا تو اس کے لیے گناہ ٹھہرا دیا گیا. اب کیا بے چارہ بستر پر ہی غسل کرےگا؟یہ عوامی باتیں ہیں جن کی اصل کوئی نہیں۔البتہ غسل کرنے میں اتنی تاخیر کردی کہ نماز قضا ہوگئی تو یہ گناہ ہے۔ جس گھر میں جنبی شخص رہتا ہے تو وہاں رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔اس لیے بلا وجہ غسل کرنے میں تاخیر نہیں کرنی چاہیے۔

*　　*　　*

کیا مہندی لگانا مرد پر حرام ہے؟

سوال:

میں نے مہندی لگائی تو کچھ دوستوں نے کہا کہ اسلام میں مرد پر مہندی لگانا حرام ہے۔ اس کے متعلق راہ نمائی فرما دیجئے۔

جواب:

(مردکو مہندی لگانا حرام ہے) اس طرح کا جملہ نہیں بول سکتے کیونکہ مرد کو داڑھی اور بالوں میں مہندی لگانا جائز ہے .البتہ مرد کوان مقامات پر مہندی لگانا حرام ہے جن مقامات پر عورتیں زینت کے لیے مہندی لگاتی ہیں مثلا عورتیں ہاتھ اور پاؤں زینت کی خاطر مہندی سے رنگتی ہیں تو مرد کو مہندی سے ہاتھ ،پاؤں رنگنا حرام ہے۔ لڑکا اگرچہ دودھ پیتا بچہ ہو، اگر اس کو بھی پاوں میں مہندی لگائی تو لگانے والا گناہ گا رہوگا. البتہ بچے کو اس کا گناہ نہیں ملے گا بلکہ نا بالغ کا کوئی بھی گناہ نہیں لکھا جاتا.لڑکی اگرچہ ایک دن کی بچی ہو اسے مہندی لگانے میں کو ئی حرج نہیں ہے۔

* * *

کیا بلیوں کے رونے سے آفت آتی ہے؟

سوال:

بلی جب روتی ہےتو اس سے کیا ہوتا ہے؟

جواب:

بلیوں کے رونے سے بد شگونی نہیں لینی چاہیے .بلیوں کے رونے پر سمجھنا کہ بس کوئی آفت آنے والی ہے،لہذا فلاں سفر یا فلاں سودا کینسل کردو ورنہ نقصان ہوجائے گا توحقیقت میں ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔بلی بھی روتی ہے، بندہ بھی روتا ہے اور بچے بھی روتے ہیں ، اس سے بد شگونی لینے کی بجائے عبرت کرنی چاہیے جیسے ایک کتاب میں لکھا ہے کہ بچہ جب روتا ہے؛ تو جہنمیوں کے رونے کو یاد کریں .بچہ ایسے لگتا ہے کہ بے بسی کے ساتھ رورہا ہے ،تو جہنم میں بھی بے بسی کےساتھ رونا ہوگا۔بس اللہ پاک ایسا کرم کرے کہ ہم جہنم میں ہی نہ جائیں جو رونا پڑے۔اللہ کرے کہ ہم جہنم میں جانے والے کام کرنے کی بجائے نیکیاں ہی کرتے رہیں.

*　　*　　*

چاند گرہن کے وقت عوام میں مشہور غلط باتیں

سوال:

چاند گرہن کے وقت حاملہ عورت کے حوالے سے بہت سی باتیں مشہور ہیں کیا یہ سچ ہیں؟

جواب:

ایسا کچھ نہیں ہے۔

*　　*　　*

اللہ پاک کو اوپر والا یا اللہ پاک عرش پر ہے کہنا کیسا؟

سوال:

اللہ پاک کو اوپر والا یا اللہ پاک عرش پر ہے یہ نہیں کہنا چاہیے جبکہ ہم نے سنا ہے کہ معراج کی رات سرور کائنات ﷺ عرش پر اللہ پاک سے ملاقات کے لیے تشریف لے گئے اور عرش اوپر ہی ہے تو اس کا کیا مطلب ہے؟

جواب:

پیارے آقا ﷺ اللہ پاک سے ملاقات کے لیے عرش پر گئے یہ عوام کی بات ہے۔ یہ درست ہے کہ سرکار ﷺ عرش پر گئے مگر اللہ پاک کا دیدار کہاں ہوا اس کا تذکرہ نہیں ہے۔کس طرح دیکھا؟ یا کیسے دیکھا؟ یہ باتیں سوچنے کی نہیں بلکہ مان لینے کی ہیں۔

عورت کی آنکھ کےپھڑکنے سے شگون لینا کیسا؟

سوال:

جب عورت کی سیدھی یا الٹی آنکھ پھڑکے تو کیا ہوتا ہے؟

جواب:

(مرد یا عورت کسی کی بھی)سیدھی یا الٹی آنکھ کے پھڑکنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ یہ عوام کی باتیں ہیں کہ الٹی آنکھ کےپھڑکنے میں بد شگونی اور بری فال لیتے ہیں حالانکہ بری فال لینا ناجائز ہے۔

*　　*　　*

کیا نوافل بیٹھ کر پڑھے جائیں گے؟

سوال:

نماز کے آخر میں دو نفل بیٹھ کر کیوں پڑھے جاتے ہیں؟

جواب:

نوافل کھڑے ہو کر ہی پڑھنے چاہئیں کیونکہ کھڑےہو کرپڑھیں گے،تو پورا ثواب ملے گا.اگر بلا عذر بیٹھ کر پڑھیں گے تو آدھا ثواب ملے گا .لہذا نوافل بھی کھڑے ہو کر پڑھنے چاہئیں .یہ عوام کا خیال ہے کہ نوافل بیٹھ کر پڑھنے چاہئیں حالانکہ ایسا نہیں ہے۔

*　　*　　*

دولہا اور دولہن پر پھول نچھاور کرنے کیسا؟

سوال:

آج کل لوگ شادیوں میں دولہا اور دلہن پر پھول برساتے ہیں کیا یہ اسراف ہے؟

جواب:

شادیوں میں دولھا اور دلہن پر پھول برسانے کو اسراف نہیں کہیں گے کیونکہ اس پر عرف ہے۔ پھول پہنائے جانے کو گل پوشی اور پھول نچھاور کرنے کو گل پاشی کہتے ہیں۔گل پوشی علما پر با کثرت ہوتی ہےاور الحمد للہ جلوس میلاد میں بھی ہوتی ہے۔ دولہا دلہن پر گل پاشی کرنا نا جائز نہیں ہے اور اسراف بھی نہیں کہا جاسکتااس لیے کہ گل پاشی سے خوشبو پھیلتی ہے اور ماحول میں ایک کشش اور رونق پیدا ہوتی ہے تو یوں اس کا کچھ نہ کچھ فائدہ اور مقصد ہے۔ اب لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ گل پاشی کرنے سے پھول پاؤں تلے آئیں گے حالانکہ یہ پھول سرکار صلے اللہ علیہ وسلم کے پسینے سے پیدا ہوئے ہیں لہذا گلاب کے پھولوں کی بے ادبی ہوگی تو یہ ایک عوامی تصور ہے۔ بعض روایات

میں یہ ہے کہ گلاب کا پھول سرکار ﷺ کے مبارک پسینے سے پیدا ہوا ہے لیکن محدثین نے ایسی روایات پر بڑی جرح اور بڑا کلام کیا ہے اور اکثر محدثین کے نزدیک یہ روایات من گھڑت ہیں۔ بالفرض اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ پھول بننے کا سبب سرکار ﷺ کا پسینا ہے، تب بھی شاید گل پاشی کے ناجائز ہونے کی وجہ نہیں بن سکے گا.

*　　*　　*

چیل کووں کو صدقے کا گوشت کھلانا کیسا؟

سوال:

پرندوں کو صدقے کا گوشت کھلانا کیسا؟

جواب:

بعض لوگ چیل ،کووں کو صدقے کی نیت سے لُٹا لُٹا کر گوشت کھلاتے ہیں، یہ غیر مسلموں کا طریقہ ہے۔

* * *

کیا میت والے گھر چولہا جلانا منع ہے؟

سوال:

جس گھر میں میت ہوجاتی ہے تو کہتے ہیں کہ تین دن تک چولہا نہیں جلاسکتے اور نہ گھر میں کوئی چیز پکاسکتے ہیں۔ کیا یہ بات درست ہے؟

جواب :

میت والے گھر چولہا جلانے میں کوئی حرج نہیں ہے، کھانا پکانا بھی جائز ہے۔ یہ عوام نے اپنے اوپر خود مشکلات ڈالی ہوئی ہیں(شریعت میں ان باتوں کی کوئی حقیقت نہیں).

* * *

جس کو جیسا کہو وہ ویسا بن جائے

سوال:

مجھے کوئی ایسا وظیفہ بتا دیجئے کہ جس کے کرنے سے یہ ہو کہ میں جن لوگوں کو نماز پڑھنے کا کہوں، وہ نمازی بن جائیں؛ اور جنہیں گناہوں سے بچنے کا کہوں، وہ گناہوں سے بچنے والے بن جائیں.

جواب :

ایسا کوئی وظیفہ نہیں کہ جس کو جو کہو ،وہ ہر صورت میں مان جائے . یہ سلسلہ تو انبیائے کرام علیہم السلا م کا بھی نہیں تھا کہ وہ جن لوگوں کو ایمان لانے کی دعوت دیتے تو وہ ایمان لے آتے،ابو جہل کو ایمان لانے کی دعوت دی گئی مگر ایمان نہیں لایا.ہاں اللہ پاک سے یہ دعا کی جاسکتی ہے کہ یا اللہ ! میری زبان میں تاثیر پیدا فرما دے کہ میں جس کو نماز کی دعوت دوں ،وہ قبول کرلے .(اختصار)

*　　*　　*

کسی کے انتقال پر یہ جملے" اللہ کے پاس چلا گیا یا اللہ کو پیارا ہوگیا " کہنا کیسا؟

سوال:

بعض اوقات کسی کے انتقال پر کہا جاتا ہے کہ" اللہ کے پاس چلا گیا یا اللہ کو پیارا ہوگیا "تو ایسا کہنا کیسا ہے؟

جواب:

انتقال کے موقع پر اس طرح کے جملے بولنے کا عرف ہے اور شرعا بھی ایسے جملے بولنے میں کچھ حرج معلوم نہیں ہوتا۔انتقال کرنے والے کے بارے میں یوں کہا جاتا ہے کہ " خالق حقیقی سے جاملے". آج کل لوگ ہر مرنے والے کے بارے میں کہتے ہیں کہ " اللہ پاک کو پیارا ہوگیا " حالانکہ یہ خبریہ جملہ ہے(روزانہ پانچ وقت کی نماز ادا کرنا تو دور کی بات) اگر وہ نماز جمعہ بھی نہیں پڑھتا تھا تو پھر وہ کس طرح پیارا ہوسکتا ہے؟ اس لیے یہ جملہ نہ کہا جائے۔ بہرحال اللہ پاک کی رحمت گناہ گاروں کے لیے بھی ہے ،اس کی رحمت پانے کے لیے نمازی ہونا شرط نہیں ہے۔

* * *

کالی زبان

سوال:

کچھ لوگ کہتے ہیں کہ کالی زبان والے کی بددعا بہت لگتی ہے۔ کیا یہ بات درست ہے؟

جواب:

میں نے ابھی تک کسی کی کالی زبان دیکھی نہیں ہے۔ زبان تو لال ہوتی ہے . جہاں تک بددعا لگنے کا تعلق ہے تو مظلوم کی دعا اور بد دعا دونوں قبول ہوتی ہیں۔اب مظلوم چاہے جانور ہو یا غیر مسلم ،بددعا تو ان کی لگتی ہے۔ اس میں کالی اور لال کا کوئی تذکرہ نہیں ہے۔ لوگ اس قسم کی باتیں اپنی طرف سے کرتے ہیں حالانکہ کسی مرد اور عورت کو کہنا کہ تیری زبان کالی ہے ،تیری بددعا لگتی ہے یا تو نے مجھے بددعا دی ہے جبھی تو میرا نقصان ہوا ہے تو یہاں دل آزاری کی صورتیں ہوسکتی ہیں۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ کوئی اپنی طرف سے ہوشیاری کرتے ہوئے کہے کہ میں نے فلاں کو بددعا دی تو اس کا نقصان ہوگیا، فلاں نے مجھے ستایا تو اس کو یوں ہوگیا .ایسے بڑے بول بولنا بھی بہت خطرناک ہے لہذا اس قسم کی باتوں سے بچنا چاہئے۔

(ملفوظات امیر اہلسنت ،ص 284،مکتبہ المدینہ)

* * *

کیا اب شرافت کا زمانہ نہیں رہا؟

سوال:

بعض لوگ کہتے ہیں کہ اب شرافت کا زمانہ نہیں رہا،اسی لیے " ہم شریفوں کے ساتھ شریف اور بدمعاشوں کے ساتھ بدمعاش ہیں" کیا ان کا یہ کہنا درست ہے؟

جواب:

لوگوں کا اس طرح کہنا درست نہیں کہ" ہم شریفوں کے ساتھ شریف اور بدمعاشوں کے ساتھ بدمعاش ہیں" یہاں لوگ کمزروں کو دبا دیتے ہیں ،جناب اب شرافت کا زمانہ چلا گیا وغیرہ وغیرہ۔الحمد للہ اب بھی شرفا دنیا میں جی رہے ہیں۔

شرافت کا زمانہ آج بھی ہے، اور آئندہ بھی رہے گا اور شریفوں کے صدقے میں ہی دنیاچل رہی ہے ورنہ کب کی ختم ہوجاتی مگر آپ نے فیصلہ کردیا کہ شرافت کا زمانہ چلا گیا .کیا سارے دیندار ، پرہیز گار اور تہجد گزار لوگ معاذ اللہ بد معاش ہیں؟ یونہی اولیاء، ابدال اور طرح طرح کی ولایتوں کے تاج سجائے ہوئے لوگ آج بھی دنیا میں موجود ہیں او ران سے ہی دنیا چل رہی ہے اگرچہ ہم انہیں نہیں پہچانتے مگر آپ کہتے ہیں شرافت کا زمانہ نہیں ،اللہ کرے دل میں اتر جائے میری بات! اگر ہم اچھے بن جائیں تو ان شاء اللہ سب اچھے ہوجائیں گے۔

(ملفوظات امیر اہلسنت ،ص 337،مکتبہ المدینہ)

*　　*　　*

دکان پر یارات میں ناخن کاٹنا کیسا ؟

سوال :

کیا یہ درست ہے کہ دکان یا کاروباری جگہ پر ناخن کاٹنے سے نحوست ہوتی ہے ؟ نیز کیارات میں ناخن کاٹ سکتے ہیں ؟

جواب:

ناخن کاٹنا نحوست کا کام نہیں بلکہ ادائے سنت اور حکم شریعت پر عمل کی نیت سے کاٹیں گے تو ثواب بھی ملے گا . اگر ناخن کاٹنے کے سبب دکان میں نحوست آتی ہوتی تو پھر گھر میں بھی نہ کاٹے جائیں کہ وہاں بھی نحوست ہو گی . بہر حال ناخن کاٹنا نحوست کا سبب نہیں بلکہ 40 دن کے اندر ناخن کا ٹنا سنت ہے . اگر 40 دن سے زیادہ ہو گئے اور اب تک ناخن نہیں کاٹے تو بندہ گناہ گار ہو گا . نیز رات میں بھی ناخن کاٹنا جائز ہے . عوام میں یہ غلط مشہور ہے کہ رات میں ناخن کا نا منع ہے .

(ملفوظات امیر اہلسنت ،ص 342،مکتبہ المدینہ)

*　　*　　*

آخری اذان یا چیونٹیاں نظر آنے پر سحری بند کرنا کیسا ؟

سوال :

بعض لوگ چیونٹیاں نظر آنے تک اور بعض آخری اذان ہونے تک کھاتے پیتے رہتے ہیں ، کیا اس طرح روزہ ہو جاتا ہے ؟

جواب :

سنا ہے کہ معاشرے میں اس طرح کے عجیب و غریب لوگ بھی پائے جاتے ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ جب تک چیونٹیاں نظر نہیں آجاتیں تب تک روزہ رکھنے کا وقت ہے لہذا اس وقت تک کھاتے پیتے رہو . یونہی بعض لوگ یہ بھی کہتے ہیں کہ ابھی فلاں مسجد کی اذان ہونا باقی ہے کھاتے پیتے رہو ؛حالانکہ اس طرح کرنے سے روزہ ضائع ہو جاتا ہے . نیز اذان کو سحری ختم ہونے کا معیار بنانا بھی درست نہیں ،اس لیے کہ دنیا میں ایسے مقامات بھی ہیں جہاں مساجد ہی نہیں تو وہاں روزہ کب بند کر یں گے ؟ تو پتا چلا روزے کا تعلق اذان سے نہیں ہے .

واقعہ:

اس موقع پر رکن شوری نے فرمایاکہ مجھے ایک 12 ماہ کے مدنی قافلے کے مسافر عاشق رسول نے بتایا تھا کہ دوران سفر ایک علاقے میں جب ہمارامد نی قافلہ پہنچا تو وہاں مجھ سے کہا گیا کہ مسجد کے امام صاحب موجود نہیں ہیں اس لیے آپ نماز بھی پڑھاتے رہیں . وہ رمضان کا مہینا تھا؛لہذا حسب معمول جب میں سحری کا وقت ختم ہونے کا اعلان کرنے ہی والا تھا کہ ایک نوجوان بھاگا بھاگا آیا اور کہنے لگا : مولانا صاحب ! ابھی اعلان نہ کریں کیونکہ آج ہمارے گھر والے دیر سے اٹھے ہیں . ہم ذرا سحری کر لیں پھر اس کے بعد آپ اعلان کر دیجیے گا ۔(یہ حالت ہے ہماری عوام کی)

(ملفوظات امیر اہلسنت ،ص 352،مکتبہ المدینہ)

*　　*　　*

کیا بچوں کو عطر لگانے سے جن چمٹتے ہیں ؟

سوال :

کیا چھوٹے بچوں کو عطر لگانا درست ہے ؟

جواب :

چھوٹے بچوں کو عطر لگانا بالکل درست ہے . عوام میں یہ غلط فہمی پائی جاتی ہے کہ بچوں کو عطر لگانے سے جن چمٹ جاتا ہےحالانکہ ایسا کچھ نہیں ہے .

(ملفوظات امیر اہلسنت ،ص 399،مکتبہ المدینہ)

* * *

کیا امام صاحب کے مصلے پر پاؤں رکھنے سے اعمال برباد ہو جاتے ہیں ؟

سوال :

سنا ہے امام صاحب کے مصلے پر بلاضرورت پاؤں رکھنے سے ساری زندگی کے اعمال برباد ہو جاتے ہیں کیا اس کی کوئی شرعی حیثیت ہے ؟

جواب :

اس کی شرعی حیثیت یہ ہے کہ ایسی باتیں نہ کی جائیں اور نہ ایسا عقیدہ رکھا جاۓ کیونکہ یہ سب عوامی باتیں ہیں . امام صاحب کی غیر موجودگی میں مؤذن صاحب جو نائب امام ہوتے ہیں وہ نماز پڑھائیں گے تو مصلے پر پاؤں تو رکھیں گے .

(ملفوظات امیر اہلسنت ،ص 431،مکتبہ المدینہ)

*　　*　　*

کیا آب زم زم شریف پینے کے لیے اعتکاف کی نیت کی جاسکتی ہے ؟

سوال :

کیا مسجد حرام اور مسجد نبوی شریف میں آب زم زم پینے کے لیے اعتکاف کی نیت ضروری ہے ؟

جواب :

آب زم زم شریف پینے یا کھانا کھانے کے لیے اعتکاف کی نیت نہیں ہو سکتی اور اگر کر لی تو یہ نیت معتبر نہیں . اعتکاف کی نیت صرف ثواب کے لیے کر سکتے ہیں . مسجد حرام یا مسجد نبوی میں بھی غیر معتکف یعنی جس نے اعتکاف کی نیت نہیں کی اس کے لیے آب زم زم پینا جائز نہیں . اگر پہلے اعتکاف کی نیت نہیں کی تھی اور اب آب زم زم پینا ہے تو اس کے لیے یہ نیت نہیں کی جاسکتی بلکہ ثواب کی نیت سے اعتکاف کی نیت کر یں پھر ذکر و درود پڑھیں مثلاً بارہ مرتبہ درود شریف پڑھ لیں اب آب زم زم پینا جائز ہو جاۓ گا .

(ملفوظات امیر اہلسنت ،ص 452،مکتبہ المدینہ)

*　　*　　*

نظر لگنے کی وجہ سے تعلقات ختم کر ناکیسا ؟

سوال :

کسی کے بارے میں اگر یہ شک ہو جائے کہ میں اس سے ملتا ہوں تو مجھے نظر لگ جاتی ہے تو کیا اس بنا پر اس سے تعلقات کم کر سکتے ہیں ؟

جواب :

اس بات کا ثبوت کیسے ہو کہ فلاں کی نظر مجھے لگ ہی جاتی ہے ، چونکہ اس کا کوئی ثبوت نہیں۔لہذا میں کیسے کہہ دوں کہ ایک مسلمان سے بالکل رشتہ ناطہ ختم کر دیں . ایک دو بار اتفاقی طور پر ایسا ہوا کہ ملاقات ہوئی اور کچھ ہو گیا ،(وہم) پالنے کی بجائے نظر نہ لگنے کا کوئی علاج کیا جائےاور ایسے اوراد و وظائف پڑھے جائیں کہ نظر نہ لگے .

(ملفوظات امیر اہلسنت ،ص 479،مکتبہ المدینہ)

*　　*　　*

جس کے ہاتھ میں تل ہو ، کیا وہ دولت مند ہو تا ہے ؟

سوال :

کئی لوگ کہتے ہیں کہ جس کے ہاتھ میں تل ہو ،وہ دولت مند ہو تا ہے کیا یہ درست ہے ؟

جواب :

علم کی دولت سب سے بڑی دولت ہے ، اگر چہ عالم کے ہاتھ میں تل نہ ہو لیکن وہ علم کے اعتبار سے بڑا دولت مند ہو تا ہے، باقی دنیا کی دولت کا زیادہ ہونا یہ ہر صورت میں کوئی فضیلت کا باعث نہیں ہے .

(ملفوظات امیر اہلسنت ،ص 483،مکتبہ المدینہ)

*　　*　　*

عِدَّت ختم ہونے پر دعوت کرنا

عدت ختم ہونے پر دعوتوں کو ضروری سمجھنا کہ ماموں یا فلاں کے یہاں پہلی دعوت ہوگی تو اس طرح کے انداز لوگوں نے اپنے طور پر گڑھ لیے ہیں۔ ہاں!اگر ان دعوتوں کو ضروری نہ سمجھیں اور ماموں،بھائی ،بہن وغیرہ خوش دلی کے ساتھ صلہ رحمی (یعنی رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک) اور اللہ پاک کی رضا کی نیت سے دعوت کرتے ہیں تو یہ اچھا ہے۔ ایسی دعوت بھی عدت سے نکلتے ہی ضروری نہیں بلکہ عدت کے بعد جب چاہیں کرسکتے ہیں۔ اگر نہ بھی کریں تب بھی حرج نہیں ہے۔ اپنے طور پر اس طرح کے رسم و رواج بنا لینا اور پھر انہیں ضروری سمجھنا یہ غلط ہے کیونکہ جب تک شریعت کا حکم نہ ہو کوئی بھی چیز نہیں ہوتی۔

(ملفوظات امیر اہلسنت ،ص 26،مکتبہ المدینہ)

*　　*　　*

ہماری دوسری اردو کتابیں

بہار تحریر (اب تک چودہ حصے) ۔عبد مصطفی آفیشل	اللہ تعالی کو اوپر والا یا اللہ میاں کہنا کیسا؟ ۔عبد مصطفی
اذان بلال اور سورج کا نکلنا ۔ عبد مصطفی	عشق مجازی (منتخب مضامین کا مجموعہ) ۔ عبد مصطفی آفیشل
گانا بجانا بند کرو، تم مسلمان ہو! ۔ عبد مصطفی	شب معراج غوث پاک ۔ عبد مصطفی
شب معراج نعلین عرش پر ۔ عبد مصطفی	حضرت اویس قرنی کا ایک واقعہ ۔ عبد مصطفی
ڈاکٹر طاہر اور وقار ملت ۔ عبد مصطفی	مقرر کیسا ہو؟ ۔ عبد مصطفی
غیر صحابہ میں ترضی ۔ عبد مصطفی	اختلاف اختلاف اختلاف ۔ عبد مصطفی
چند واقعات کربلا کا تحقیقی جائزہ ۔ عبد مصطفی	بنت حوا (ایک سنجیدہ تحریر) ۔ کنیز اختر
سیکس نالج (اسلام میں صحبت کے آداب) ۔ عبد مصطفی	حضرت ایوب علیہ السلام کے واقعے پر تحقیق ۔ عبد مصطفی
عورت کا جنازہ ۔ جناب غزل صاحبہ	ایک عاشق کی کہانی علامہ ابن جوزی کی زبانی ۔ عبد مصطفی
آئیے نماز سیکھیں (حصہ1) ۔ عبد مصطفی	قیامت کے دن لوگوں کو کس کے نام کے ساتھ پکارا جائے گا ۔ عبد مصطفی
محرم میں نکاح ۔ عبد مصطفی	روایتوں کی تحقیق (پہلا حصہ) ۔ عبد مصطفی
روایتوں کی تحقیق (دوسرا حصہ) ۔ عبد مصطفی	بریک اپ کے بعد کیا کریں؟ ۔ عبد مصطفی
ایک نکاح ایسا بھی ۔ عبد مصطفی	کافر سے سود ۔ عبد مصطفی
میں خان تو انصاری ۔ عبد مصطفی	روایتوں کی تحقیق (تیسرا حصہ) ۔ عبد مصطفی
جرمانہ ۔ عبد مصطفی	لا الہ الا اللہ، چشتی رسول اللہ؟ ۔ عبد مصطفی
تحقیق عرفان فی تخریج شمول الاسلام	اصلاح معاشرہ (منتخب احادیث کی